**25.01.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

Music

..........................................................................

☆ یومِ جمہوریہ سے ایک دن قبل صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سائنس، خلائی تحقیق اور کھیلوں میں ملک کے بڑھتے ہوئے عالمی اعتماد اور اختراعات میں بھارت کی کوششوں کو اجاگر کیا۔

☆ صدر جمہوریہ نے ایک ملک ایک انتخاب بل کی استقامت پر مبنی حکمرانی کی جانب ایک کایا پلٹ کردینے والے قدم کے طور پرستائش کی۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کی اقتصادی ترقی کی کہانی پیشرفت کا ایک سنگ میل ہے۔

☆ یومِ جمہوریہ 2025 سے ایک دن قبل 93 مسلح افواج کے اہلکاروں کو 11 بعد از مرگ اور 305 دفاعی اعزازات سمیت شجاعتی ایوارڈس کی منظوری دی گئی ہے۔

☆ بھارت اور انڈونیشیا کے درمیان ڈیجیٹل ترقی، صحت میں تعاون اور سمندری سرحدوں کے تحفظ اور سلامتی سمیت پانچ باہمی معاہدے طے پائے ہیں۔

☆ اسرائیل نے جنگ بندی کے معاہدے کے تحت حماس کی جانب سے اغوا کئے گئے چار افراد کو چھوڑے جانے کے بعد 200 فلسطینی قیدیوں کو رہا کیا ہے۔

☆ اور ٹینس میں...... امریکہ کی Madison Keys نے آسٹریلیا گرانڈ سلیم کا خطاب جیت لیا ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Prez R Day Address*

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا کہ پارلیمنٹ میں پیش کردہ ایک ملک، ایک الیکشن بل، بہتر حکمرانی کی اصطلاح کی از سر نو تعریف متعین کرنے کا وعدہ کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایک ملک، ایک انتخاب کا منصوبہ، حکمرانی میں استقامت کو فروغ دے سکتا ہے، پالیسی کے مفلوج ہونے کی روک تھام کرسکتا ہے، وسائل کی تقسیم میں تخفیف کرسکتا ہے اور مالی بوجھ میں کمی لاسکتا ہے۔ یومِ جمہوریہ سے ایک دن قبل، ملک کے نام اپنے خطاب میں صدر جمہوریہ مرمو نے کہا کہ اتنی بڑی نوعیت کی اصلاحات کیلئے تصور کی جسارت درکار ہوتی ہے۔

S/B 2045 President On One

صدر مرمو نے کہا کہ ملک نوآبادیاتی ذہنیت کے ایسے کئی باقیات کو تبدیل کرنے کیلئے مرکوز کوششوں کا گواہ بن

رہا ہے جو 1947 کے بعد سے بھارتی عوام کے درمیان موجود رہے ہیں۔ انھوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ تعزیرات ہند، فوجداری ضوابط کے طریقہ کار اور انڈین Evidence ایکٹ کی جگہ بھارتیہ نیایہ سنہتا، بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا اور بھارتیہ سرکشا ادھینیم کو لانے کا فیصلہ اِس طرح کی کوششوں میں سب سے زیادہ قابل ذکر ہے۔ انھوں نے کہا کہ نئے فوجداری قوانین، فوجداری نظامِ انصاف میں سزا کو مرکزیت دینے کے بجائے انصاف کی فراہمی کو مرکزی حیثیت دیتے ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ نئے قوانین خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم سے نمٹنے کو اعلیٰ ترین ترجیح دیتے ہیں۔صدر جمہوریہ مرمو نے آئین کی ایک زندہ دستاویز اور بھارت کی ترقی کو 75 سال سے رہنمائی عطا کرنے کیلئے اُس کی ستائش کی۔ انھوں نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اور آئین ساز اسمبلی کا، اُن کی خدمات کیلئے شکریہ ادا کیا۔

علم اور دانشوری کی ملک کی فراواں تاریخ کو اجاگر کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت پچھلے 75 برس سے دنیا میں اپنے صحیح مقام کو دوبارہ حاصل کرنے کی کوشش کرتا رہا ہے۔ انھوں نے مہاتما گاندھی، رابندرناتھ ٹیگور اور بابا صاحب امبیڈکر کی بھارت کی جمہوری اقدار کیلئے خدمات کی ستائش کی۔ بھارت کی اعلیٰ اقتصادی شرح ترقی نے روزگار کے مواقع پیدا کئے ہیں اور کسانوں اور مزدوروں کی آمدنی میں اضافہ کیا ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ سب کی شمولیت بھارت کی ترقی کا سنگ میل ہے۔ انھوں نے کہا کہ مختلف مالیاتی تعاون کی اسکیموں جیسے پردھان منتری جن دھن یوجنا، پردھان منتری جیون جیوتی بیمہ یوجنا، پردھان منتری سرکشا بیمہ یوجنا اور دیگر کی توسیع نے درج فہرست ذاتوں، درج فہرست قبائل اور پسماندہ طبقات سمیت حاشیے پر رہ رہے فرقوں کو مالی تعاون فراہم کیا ہے۔

S/B 2045 President On S-ST

صدر جمہوریہ نے فائنانس کے شعبے میں ٹیکنالوجی کے استعمال کیلئے حکومت کی ستائش کی۔ انھوں نے ڈیجیٹل ادائیگی اور فیضیابی کی رقم کی براہِ راست منتقلی نیز بینکنگ نظام کی صحتمند صورتحال سمیت سب کی شمولیت کے فروغ کا ذکر کیا۔

S/B 2045 President Bharat ki Arthvyavastha

صدر مرمو نے ملک کی فراواں ثقافتی وراثت کو اجاگر کیا اور آسامی، بنگالی، مراٹھی، پالی اور پراکرت کے ذریعے اپنے لسانی تنوع کو محفوظ رکھنے کی کوششوں کا اعتراف کیا۔ انھوں نے گجرات میں بھارت کے پہلے آثار قدیمہ کے تجرباتی میوزیم کی تکمیل کا بھی اعلان کیا۔ صدر مرمو نے تعلیم کے شعبے میں حکومت کی سرمایہ کاری کی بھی ستائش کی۔ انھوں نے معیار، بنیادی ڈھانچے اور ڈیجیٹل شمولیت کے شعبے کی کایاپلٹ کو بھی اجاگر کیا۔

بھارت دانشورانہ املاک کے اندراج میں عالمی سطح پر چھٹے نمبر پر ہے۔ بھارت نے 2024 میں عالمی اختراعاتی اشاریے کی درجہ بندی میں 2020 میں 48ویں مقام سے 39ویں مقام تک بلندی حاصل کی ہے۔ صدر نے کہا کہ نیشنل کوانٹم مشن اور بین شعبہ جاتی سائبر فزیکل سسٹم کے موضوع پر قومی مشن جیسی اسکیموں کے ذریعے جدید ترین نوعیت کی تحقیق میں بھارت کی شراکت میں اضافہ ہوا ہے۔The Genome India Project نے دس ہزار بھارتی شہریوں کی Genome ترتیب تیار کی ہے جو مزید تحقیق کیلئے دستیاب ہے۔ صدر جمہوریہ نے بھارت کی خلائی تحقیق تنظیم کی اُس کی حالیہ حصولیابیوں کیلئے ستائش کی، جس میں خلائی Docking کا کامیاب تجربہ شامل ہے۔

انھوں نے کھیلوں میں بھارت کے بڑھتے ہوئے اعتماد کو اجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی کھلاڑیوں نے

پیرس اولمپک کھیلوں اور پیرالمپک کھیلوں میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بھارت ماحولیات کیلئے طرزِ زندگی کے عالمی مشن کی قیادت کر رہا ہے۔ وہ افراد اور معاشروں کو ترغیب دے رہا ہے کہ آب وہوا کے تحفظ میں وہ مزید سرگرم ہوں۔ انھوں نے بتایا کہ ایک پیڑ ماں کے نام کی منفرد مہم نے 80 کروڑ پودے لگانے کے اپنے نشانے کو حاصل کرلیا ہے۔x

## Delhi Metro Republic

دلّی میٹرو آج رات دیر گئے 3 بجے سے سبھی لائنوں پر اپنی خدمات فراہم کرائے گی تاکہ یومِ جمہوریہ تقریب دیکھنے کیلئے جانے والے لوگوں کو کرتویہ پتھ پہنچنے میں آسانی ہوسکے۔ دلّی میٹرو کے مطابق صبح 6 بجے تک ہر 30 منٹ میں میٹرو ٹرین دستیاب رہے گی، جس کے بعد بقیہ دن کیلئے مقررہ نظام الاوقات کے مطابق خدمات جاری رہیں گی۔ دلّی میٹرو نے مسافروں سے کہا ہے کہ وہ اسی کے مطابق اپنے سفر کا منصوبہ بنائیں اور آخری لمحات میں بھیڑ بھاڑ سے بچنے کیلئے میٹرو کی جلد شروع ہونے والی خدمات کا استعمال کریں۔x

## Naional Voters Day

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ یہ فخر کی بات ہے کہ بھارت، دنیا کی سب سے بڑی، متنوع، نوجوان، سب کی شمولیت والی اور احساسات کی حامل جمہوریت ہے۔ آج سہ پہر نئی دلّی میں ووٹروں کے پندرھویں قومی دن کے پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے صدر مرمو نے کہا کہ بھارت جمہوریت کی ماں ہے اور ملک میں قدیم زمانے سے ہی جمہوری عمل پایا جاتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کی جمہوریت نئی دنیا کیلئے ایک منفرد نمونہ ہے۔

Byte President

صدر جمہوریہ نے کہا کہ سب کی شمولیت والی جمہوریت کی متاثر کن جھلک، انتخابات سے عیاں ہے۔ انتخابات میں خواتین کی بڑھتی ہوئی شراکت، معاشرے اور ملک کی مجموعی ترقی کی ایک اہم علامت ہے۔

انھوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ انتخابی کمیشن نے 85 برس سے زیادہ کی عمر کے سینئر ووٹروں، معذور ووٹروں اور دور دراز علاقوں میں رہنے والے قبائلی ووٹروں کیلئے ووٹنگ کے عمل میں سہولت بہم پہنچانے کی غرض سے خصوصی کوششیں کی ہیں۔ صدر مرمو نے کہا کہ اِس طرح انتخابی کمیشن نے سب کی شمولیت والے اور حساس انتخابات کے انتظامات کی ایک عمدہ مثال قائم کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ووٹنگ سے وابستہ تصورات اور ذمے داریاں جمہوریت کی بنیادی جہات ہیں۔ انتخابی کمیشن کی جانب سے جاری کیا جانے والا ووٹروں کا حلف نامہ تمام شہریوں کیلئے رہنمائی کا کام کرسکتا ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ جمہوریت میں پورے یقین کے ساتھ ساتھ ووٹروں کو اِس بات کا بھی پختہ عزم کرنا چاہئے کہ وہ ہر قسم کی تنگ ذہنیت، امتیازات اور لالچ سے اوپر اُٹھ کر رائے دہی کے اپنے حق استعمال کریں گے۔ بیدار ووٹر جمہوریت کو مستحکم کرتے ہیں۔

قانون اور انصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے پُرامن اور غیرجانبدار طریقے سے انتخابات کرائے جانے کیلئے انتخابی کمیشن کی کوششوں کی ستائش کی۔

Byte Meghwal

اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے کہا کہ بھارت میں ووٹروں کی تعداد اب تقریباً 99 کروڑ ہے اور ملک جلد ہی ایک ارب سے زیادہ ووٹروں کا ایک نیا ریکارڈ قائم کرے گا۔

اِس تقریب کے دوران، صدر جمہوریہ مرمو نے بلارکاوٹ انتخابات کو یقینی بنانے میں ریاست اور ضلع افسران کی مثالی کوششوں کیلئے اُنھیں بہترین الیکٹورل پریکٹس ایوارڈ سے نوازا۔ اُن اقدامات کو خصوصی طور پر سراہا گیا جن کی وجہ سے ووٹروں کی شرکت میں اضافہ ہوا، جیسے اختراعی نوعیت کی آوٹ ریچ مہم اور ٹیکنالوجی کا استعمال۔

دور درشن کو ووٹنگ کے متعلق بیداری پیدا کرنے کے نئے نئے پروگراموں کیلئے ایوارڈ دیا گیا۔ دور درشن کے ڈائرکٹر جنرل کنچن پرساد نے یہ ایوارڈ لیا۔اِس تقریب میں انتخابی انتظامیہ کے اداروں کے سربراہان اور نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ ان نمائندوں نے کل ختم ہوئی دو روزہ کانفرنس کے دوران دنیا بھر میں انتخابی انتظامات کے سلسلے میں درپیش اہم معاملات پر غور وخوض کیا۔ ووٹروں کے قومی دن کا اِس سال موضوع ہے: ''ووٹنگ جیسا کوئی نہیں، میں یقیناً ووٹ دوں گا''۔ یہ پچھلے برس کے موضوع کا ایک جاری سلسلہ ہے جس میں انتخابی عمل میں شرکت کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے اور ووٹروں کو ترغیب دی گئی ہے کہ وہ اپنے حق رائے دہی کے استعمال سے سرشار ہوں۔x

## Rev. President Gallantry

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 76 ویں یومِ جمہوریہ کے موقع پر مسلح افواج اور مرکزی مسلح پولیس دستوں کے 93 اہلکاروں کو بہادری کے ایوارڈس کی منظوری دی ہے، جن میں سے گیارہ بعد از مرگ عطا کیے جائیں گے۔ بہادری کے اِن ایوارڈس میں ایک بعد از مرگ سمیت 2 کیرتی چکر، تین بعد از مرگ سمیت 14 شوریہ چکر، ایک Bar to Sna میڈل، 7 بعد از مرگ سمیت 66 سینا میڈل، 2 نو سینا میڈل اور 8 وایو سینا میڈل شامل ہیں۔ میجر منجیت اور نائک دلاور خان کو بعد از مرگ، کیرتی چکر سے سرفراز کیا گیا ہے۔ کیرتی چکر، میدانِ جنگ کے علاوہ دلیری، شجاعت کا مظاہرہ کرنے یا اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے کیلئے عطا کیا جاتا ہے۔

صدر جمہوریہ نے مسلح افواج اور دیگر اہلکاروں کیلئے 305 دفاعی میڈلس کی بھی منظوری دی ہے۔

اِن میں 30 پَرم وششٹ سیوا میڈل، 5 اُتم یودھ سیوا میڈل، 57 اَتی وششٹ سیوا میڈل، 10 یودھ سیوا میڈل، 43 سینا میڈل، 8 نوسینا میڈل، 15 وایو سینا میڈل، ایک Bar to Sena میڈل، چار Bar to Vishisht سیوا میڈل اور 132 وششٹ سیوا میڈل شامل ہیں۔ x

## MEA India Indonesia

وزیر اعظم نریندر مودی اور انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto نے آج نئی دلّی میں وسیع تر دو طرفہ بات چیت کی، جو محدود طریقۂ کار کے ساتھ ساتھ وفود سطح کی بات چیت تھی۔ آج شام نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے سکریٹری مشرق جے دیپ مجمدار نے کہا کہ دونوں لیڈران نے جامع کلیدی شراکت داری کے فریم ورک کے تحت باہمی تعلقات کے وسیع تر پہلوؤں کا جائزہ لیا۔ تبادلۂ خیال میں دفاع و سکیورٹی، تجارت و سرمایہ کاری،

کنیکٹیوٹی، ڈیجیٹل معیشت، سیاحت، صحت اور عوام سے عوام کے درمیان رابطوں کے شعبوں میں اشتراک کا احاطہ کیا گیا۔ جناب مجمدار نے کہا کہ صدر Subianto، سوشل سکیورٹی اور بھارت کے سماجی ترقیاتی پروگراموں میں خاص طور سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے پانچ دو طرفہ معاہدوں کا تبادلہ بھی کیا، جن میں صحت کے شعبے میں اشتراک، بحری سلامتی اور سکیورٹی، روایتی ادویات، ڈیجیٹل ترقی اور ثقافتی تبادلے شامل ہیں۔ کل، انڈونیشیا کے صدر یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ x

## J&K Vande Bharat Train

جموں کشمیر میں بھارتی ریلویز نے انجینئرنگ کی مہارت اور رابطے میں اضافہ کرنے کے اپنے سفر میں ایک اور سنگ میل اس وقت طے کیا جب وندے بھارت ایکسپریس ٹرین نے کامیابی کے ساتھ مثالی ریلوے پل، چناب برج اور Anji Khad برج کو پار کیا۔ شری ماتا ویشنو دیوی ریلوے اسٹیشن، کٹرہ سے بڈگام تک پہلی وندے بھارت ایکسپریس ٹرین کی ایک طرف کی آزمائش آج کامیابی کے ساتھ مکمل کی گئی۔ یہ ٹرین کل جموں ڈویژن اور آج سری نگر پہنچی۔ موسم سرما کے دوران سردی کے حالات سے نمٹنے کیلئے اِن وندے بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو منفرد انداز میں ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یہ ٹرینیں مسافروں کی حفاظت اور آرام کو یقینی بنانے کیلئے اعلیٰ ٹیکنالوجی کی حامل خصوصیات سے لیس ہیں۔

## Israel Gaza Deal

حماس نے غزہ میں قید چار خواتین اسرائیلی فوجیوں کو جنگ بندی معاہدہ کے ایک حصے کے طور پر رہا کیا ہے اور انہیں غزہ شہر میں فلسطین اسکوائر میں ریڈ کراس اہلکاروں کے حوالے کیا گیا ہے۔ رہا کی گئیں چاروں اسرائیلی خواتین Karina Ariev، Daniella Gilboa، Naama Levy اور Liri Albag، اچھی حالت میں نظر آرہی تھیں اور ہر ایک ساتھ میں ایک bag تھا اور انہوں نے مسکراتے ہوئے غزہ شہر میں فلسطین اسکوائر پر موجود بھیڑ کو ہاتھ ہلاکر اشارہ کیا۔ دوسری جانب اسرائیل نے اِس کے بدلے میں 200 فلسطینی قیدیوں کو رہا کیا ہے۔ سرکار سے وابستہ مصر کے میڈیا نے خبر دی ہے کہ غزہ جنگ بندی معاہدے کے حصے کے طور پر اسرائیل کی جانب سے رہا کیے جانے کے بعد 70 فلسطینی قیدی بسوں سے مصر پہنچ گئے ہیں۔اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی معاہدے کے تحت، حماس، سینکڑوں فلسطینی قیدیوں کی واپسی کے بدلے میں 6 ہفتے کی مدت کے دوران 33 یرغمالیوں کو رہا کرے گا۔ اِس جنگ بندی سے اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ رک گئی ہے، جو 7 اکتوبر 2023 کو حماس کے اسرائیل پر حملے کے بعد شروع ہوئی تھی۔ x

## AUS Open Tennis

آسٹریلین اوپن ٹینس میں خواتین سنگلز کے فائنل میں Madison Keys نے ایک سنسنی خیز مقابلے میں دفاعی چمپئن Aryna Sabalenka کو چھ-تین، دو-چھ، سات-پانچ سے ہرا کر اپنا پہلا گرانڈ سلیم خطاب جیت لیا

ہے۔مردوں کے سنگلز میں دفاعی چمپئن اور اعلیٰ درجے کے اٹلی کے کھلاڑی Jannik Sinner کا کل جرمنی کے Alexander Zverev سے مقابلہ ہوگا۔x

## ***Mahakumbh***

اب خبریں مہاکنبھ سے..................

Montage Opening

اترپردیس روڈیز نے اس ماہ کی 29 تاریخ کو Mauni Amavasya کے موقع پر مہاکمبھ آنے والے عقیدتمندوں اور سیاحوں کے سفر کو آسان بنانے کیلئے خاطر خواہ انتظامات کیئے ہیں، ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ عقیدتمندوں اور سیاحوں کو بآسانی انکی منزلوں تک پہنچانے کیلئے روڈویز اور Shuttle بسوں کی ایک بڑی تعداد اپنی خدمات فراہم کر رہی ہے۔ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پریاگراج کے اندر اہم مقامات بشمول سنگم جیسے بڑے گھاٹوں، اہم مندروں، ریلوے اسٹیشن اور بس اسٹینڈ کو جوڑنے کیلئے شہر کے اندر 500 سے زیادہ Shuttle بسیں چلائی جا رہی ہیں۔آکاشوانی نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے، اترپردیش ریاست کے سڑک ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے ریجنل مینیجر MK trivedi نے کہا کہ قریب کی ریاستوں سے مسافروں کو لانے کیلئے 7ہزار سے زیادہ روڈویز بسیں تعینات کی گئی ہیں، اسکے علاوہ بس ڈپوؤں میں آرام اور انتظار کرنے کی سہولت فراہم کرنے کیلئے 32 عارضی مسافر شیلٹر بنائے گئے ہیں اس میں مسافروں کو بستر اور کمبل مفت فراہم کئے جائیں گے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆